احد پری کا ہاتھ تھامے اسے اپنے ساتھ لے جانے لگا تو آھل کو دیکھ کر رکا

شکریہ آھل تمھارا احسان مجھ پر قرض ہے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احد پری کو لیکر جارہا تھا مگر آھل کو یو لگ رہا تھا جیسے اسکے جسم سے روح کوئی اپنے ساتھ لیکر جارہا ہو

آھل احد کے ساتھ پری کو تب تک جاتا ہوا دیکھتا رہا جب تک وہ نظروں سے اوجھل نہیں ہوئی پری کے جاتے ہوئے ہر قدم پر اسکی امیدیں ٹوٹتی جارہی تھی اسکے لوٹنے کی امید۔۔اسکی دوڑ کر آکر آھل کو گلے لگانے کی امید۔۔۔اظہار محبت کی امید۔۔۔۔وہ اینجل ہے صرف آھل کی اینجل یہ امید۔۔۔

آھل کو اپنی سانسیں رکتی محسوس ہوئی تبھی کسی سوچ کے ذہن میں آتے ہی وہ پارکنگ ایریا کی جانب بھاگا۔۔۔

آھل دیوانوں کی طرح پارکنگ ایریا میں انھیں ڈھونڈھ رہا تھا اسے احد گاڑی میں بیٹھتے ہوئے دکھا تو وہ اسی جانب تقریباً بھاگتے ہوئے گاڑی کے قریب پہنچا.احد گاڑی میں بیٹھ چکا تھا۔

آھل نے گاڑی کے قریب پہنچ کر احد کو ہانپتے ہوئے آواز دی۔

ڈاکٹر میر رکے!!

آھل کو یو دیکھ کر احد نے اسکی طرف سوالیہ نظروں سے دیکھا۔

کیا بات ہے آھل؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آھل نے فرنٹ سیٹ کی جانب دیکھا کہ شاید پری اسے نظر آئے مگر وہاں لیپ ٹاپ پڑا تھا پری پیچھے بیٹھی ہوئی تھی اسلیے آھل کو نظر نہیں آئی اور آھل چاہتے ہوئے بھی پیچھے دیکھ نہیں پایا۔۔اسے خود پتہ نہیں تھا آج اسے جھجک کیوں ہو رہی تھی

وہ ڈاکٹر میر! مجھے لگتا ہے اینجل کی طبیعت ٹھیک نہیں مطلب وہ مینٹلی ڈسٹرب ہے اور کنسرٹ کے پریشر سے ایسے ری ایکٹ کر رہی ہے۔۔۔

آھل نے شاید آخری کوشش کی تھی۔

احد اسکی بات پر مسکرایا۔۔اور لیپ ٹاپ آن کر کے اس پر انگلیاں چلانے لگا احد کو ایسا کرتے دیکھ آھل نے بیک سیٹ پر بیٹھی اپنی زندگی کو دیکھا جو سر جھکائے بیٹھی تھی۔

یہ دیکھو آھل اب مجھے نہیں لگتا کہ تمھیں پریشان ہونے کی ضرورت ہے۔۔۔۔

اسکرین پر رپورٹس پر نظر پڑتے ہی آھل کی آنکھیں خوف و حیرت سے پھیل گئی۔

اینجل کے کھونے کا خوف اور اینجل کا پری ہونے پر حیرت۔۔۔۔۔

آھل اب میں چلتا ہوں میں تم سے بعد میں بات کروں گا اور ہاں بہت شکریہ تمھارا۔۔

احد یہ کہہ کر گاڑی اسٹارٹ کرنے لگا تو آھل نے ایک آخری کوشش کی۔

وہ میں کیا کہہ رہا تھا کہ جولی سے پوچھ لوں اگر اسے ساتھ لے جانا چاہے تو لے جا سکتے ہیں۔۔

احد نے کچھ سوچ کر جواب دیا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہمم تم پوچھ لینا اور۔۔۔۔۔

احد کی بات پوری ہونے سے پہلے ہی پری بول پڑی۔۔۔

نہیں ابھی اتنی رات ہو چکی ہے کوئی بات نہیں۔۔۔ بابا چلے۔۔۔

پری کی بات پوری ہوتے ہی احد نے گاڑی اسٹارٹ کی اور آحل ذرا دور ہٹا۔۔

گاڑی چل پڑی اور آحل کی نم آنکھیں پری نے سائیڈ مرر میں دیکھ لی تھی.........

✖✖✖✖✖✖✖✖✖✖

پری سر جھکائے صوفے پر بیٹھی تھی اور احد کھڑکی سے باہر دیکھ رہا تھا تبھی پری نے خاموشی توڑی ۔۔۔

بابا کیا میری وجہ سے آپ دادی اور سب سے دور رہے کیا میں واقعی اک بھول۔۔۔ غلطی!!!!

پری بولتے بولتے رک چکی تھی کیونکہ اسکے آنسو بہنے لگے تھے اب بولا نہیں جا رہا تھا اس سے۔۔۔

احد اسکے پاس آیا اور اسکے سر پر شفقت سے ہاتھ رکھا اور اسکا ہاتھ تھامے اپنے کمرے تک لایا ۔۔۔اور اسے بیڈ پر بٹھا کر اسکی جانب سائیڈ ٹیبل سے اپنی ڈائری نکال کر بڑھائی۔۔۔

یہ لو پڑھلو تمھیں تمھارے سارے سوالوں کے جواب مل جائے گے بیٹا۔۔ میں میڈ کو کافی کا کہہ کر آتا ہوں۔۔

احد کمرے سے باہر جا چکا تھا اور پری اب ڈائری پڑھنے لگی تھی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈائری پڑھتے ہوئے کبھی وہ مسکراتی۔ کبھی حیران ہوتی تو کبھی آنسو بہاتی۔۔۔

سدانا بلبل نغمے گائیں

سدانا فصل بہاراں۔

سدانا حسن و جوانی رہتے

سدانا صحبت یاراں

آھل بالکونی میں کھڑا تھا جب اسے گارڈ روم سے ریڈیو پر چلتا یہ دل چیر نے والے لائنز سنائی دیے

۔

تو وہ اپنے روم سے نکل کر گارڈ روم کی جانب بڑھا۔۔

سر آپ یہاں کوئی کام تھا تو مجھے کال کر دیتے۔۔۔

گارڈ نے ریڈیو کی آواز بند کرتے ہوئے پوچھا تو آھل نے اسے اشارے سے خاموش رہنے کا کہا اور ریڈیو کا والیم ذرا بڑھا کر باہر گارڈن میں بینچ پر بیٹھ گیا۔۔۔اور ریڈیو سے نکلتے ہر الفاظ اسکی روح تک رلانے لگے تھے جیسے اسکی بے بسی کی ترجمانی کر رہے ہو۔۔۔

رب جانے کس دامن کیلیے کونسا گل چنتا ہے

کہتے ہیں سچے دل کی دعائیں جلد خدا سنتا ہے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جانے والے او جانے والے

کیا تجھے ہم نے خدا کے حوالے۔۔

کوئی مشکل نا آئے تیری راہوں میں پہنچے ساتھ خیریت کے اپنی منزل کی بانہوں میں

تجھے تیری منزل

گلے سے لگا لے۔۔۔۔

آھل کتنی دیر یونہی بیٹھا کسی کے چہرے کے لمس کو بغیر دیکھے بغیر چوئے محسوس کرتا رہا تبھی اپنے کندھے پر کسی کے ہاتھ کی گرفت کو محسوس کر کے اٹھا۔

بھائی آپ اس وقت یہاں کیا کر رہے ہیں۔۔۔؟؟؟

زید جو اپنے کمرے کی کھڑکی سے آھل کو گارڈن میں دیکھ چکا تھا تو اسکے پاس آیا۔۔

وہ یونہی ذرا بے چینی ہو رہی تھی تو یہاں آ گیا اب سونے جا رہا ہوں تم بھی جاؤ اور جا کر سو جاؤ۔۔۔

آھل وہاں سے جانے لگا جبکہ زید اب آھل کی حالت سمجھتے ہوئے کسی سوچ میں پڑھ چکا تھا۔

✖✖✖✖✖✖✖✖✖✖

چلو بیٹا کافی تیار ہے نیچھے چل کر پیتے ہیں اور میں میڈ سے بھی تمھیں ملوا لیتا ہوں۔۔۔

احد نے کمرے میں آ کر پری کو آواز دی تھی جسکی آنکھیں رو رو کر سرخ ہو چکی تھی احد کی آواز پر اس نے اپنے آنسو پونچھے اور اٹھ کر اسکے پیچھے نیچھے کی جانب بڑھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احد نے کافی پیتے ہوئے اسے میڈ سے ملوایا تھا جو عمر کے لحاظ سے بہت بوڑھی تھی مگر فٹ دکھ رہی تھی اور کچھ ہلکی پھلکی باتیں کی تھی۔کافی ختم ہوتے ہی احد نے میڈ کو پری کو اسکا روم دکھانے کو کہا تاکہ وہ فریش ہو جائے اور احد خود بھی فریش ہونے چلا گیا۔۔۔

✖✖✖✖✖✖✖✖

پری میڈ کے پیچھے روم تک آئی روم کی لائیٹ آن ہوتے ہی پری نے کمرہ پر حیرت بھری نگاہ ڈالی۔

پورا کمرہ پنک ہی پنک تھا بیڈ۔بیڈ شیٹ۔ کمفرٹر فرنیچر ایسے لگ رہا تھا جیسے کوئی باربی ڈول روم ہو۔۔

پھر پری کی نظر دیوار پر لگی تصویروں پر پڑی جہاں پری کی بچپن سے لیکر بڑے ہونے تک کی کافی ساری تصویریں تھی۔

پری تصویروں کو دیکھ رہی تھی کہ میڈ نے اسے آواز دی۔۔

میڈم آپ اندر ڈریسنگ سے اپنے لیے کوئی سوٹیبل سوٹ لیکر چینج کر لے اور کچھ کام ہو تو آواز دیجیے گا۔۔

پری میڈ کے پاس آئی اور کہا۔

پلیز مجھے میڈم نہ کہے میں آپکی بیٹی جیسی ہو آپ جا کر آرام کر لے مجھے کچھ نہیں چاہیئے۔

پری کی اس بات پر میڈ اسکی طرف مسکرا کر دیکھنے لگی اور ہھر چلی گئی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پری ڈریسنگ روم میں موجود وارڈروب کھولے کھڑی تھی اسکی پلکیں بھیگی ہوئی تھی ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ یہاں ہی رہتی ہو کپڑے جوتے کیا نہیں تھا وہاں اس نے ایک سوٹ وہاں سے لیا اور شال اور چینج کرنے چلی گئی۔۔۔

✖✖✖✖✖✖✖✖✖✖

پری چینج کر کے اب کمرے میں دیوار پر لگی تصویریں دیکھ رہی تھی اسی وقت دروازے پر دستک ہوئی اور وہ دروازے کھولنے گئی جہاں احد کھڑا اتھا۔

بابا آپ!!! اندر آئے نا۔۔

پری احد کو دیکھ کر خوش ہوئی تھی احد کمرے میں آیا۔اور پری کی تصویروں کو دیکھنے لگا۔

بابا یہ سب تصویریں آپ نے کب لی؟؟۔آپ وہاں آتے تھے اور ملے بغیر چلے جاتے تھے۔۔

پری یہ کہتے ہوئے خود بھی اب تصویریں دیکھنے لگی تھی۔۔

ہاں بیٹا کیونکہ میں سلونی سے بہت پیار کرتا تھا..

یہ کہتے ہوئے احد نے پری کی جانب دیکھا جو اس وقت سفید رنگ کی شلوار قمیض اور لال دوپٹہ میں بہت پیاری لگ رہی تھی۔۔

تو سائز فٹ آگیا تمھیں اور کچھ چاہیئے تو بتانا بلکہ ہم کل ہی شاپنگ پر چلے گے میں تمھیں سب سے ملواؤں گا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احد بولتا جا رہا تھا اور پری مسکراتے ہوئے اپنے بابا کو دیکھ رہی تھی۔ باتیں کرتے کرتے احد نے پری کو بیڈ پر بٹھایا اور کمفرٹر ڈال کر خود سامنے صوفے پر بیٹھ گیا پری بیڈ کراؤن سے ٹیک لگا کر احد کی باتیں سنتے سنتے کب اسکی آنکھ لگی پتہ نا چلا۔

احد نے جب اسے سوتے دیکھا تو تکیے پر اسکا سر صحیح طرح رکھ کر کمفرٹر ٹھیک کر کے جاتے ہوئے اسے ایک نظر دیکھا آج اسکے چہرے پر سکون تھا۔۔۔

✖✖✖✖✖✖✖✖✖✖

اگلے دن احد کے بے حد اسرار پر پری اسکے ساتھ شاپنگ پر گئی۔

احد اسے کافی جگہوں پر گھمانے لے گیا اپنے آفس اور ہاسپیٹل کے اسٹاف سے ملوایا اور آخر میں زبردستی شاپنگ کرانے لے گیا۔۔

پری کو ہر جگہ جاتے ہوئے ایسے لگ رہا تھا کوئی اسے دیکھ رہا ہے اسے بار بار کسی کی نظروں کی تپش خود پر محسوس ہو رہی تھی مگر کوئی نظر نہیں آ رہا تھا۔۔

✖✖✖✖✖✖✖✖✖

شاپنگ کرنے کے بعد احد اور پری اسی مال کے ایک ریسٹورنٹ میں بیٹھ کر کچھ آرڈر دینے کے بعد باتیں کر رہے تھے تبھی احد کا فون بجا

احد نے نمبر دیکھا اور پری کی جانب دیکھتے ہوئے کال اٹینڈ کی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ھیلو نوفل کیسے ہو رات کو کانگرس کرنے کا یاد ہی نہیں رہا۔

۔

احد پری کی جانب دیکھتے ہوئے بات کر رہا تھا جسکے چہرے پر اسے کسی قسم کا کوئی تاثر نظر نہیں آیا۔

احد کی بات سننے کے بعد نوفل نے ایک گہرا سانس لیا۔

۔چاچوں میں اور یمنا پری سے معافی مانگنا چاہتے ہیں اور بابا اور امی بھی ویڈیو کال پر موجود ہے میں اسپیکر آن کر کے بات کر رہا ہوں ہم سب پری سے شرمندہ ہے چاچوں پلیز ہمیں معاف کر دیں

۔۔

نوفل کے بولتے ہی احد نے فون پری کی جانب بڑھایا تو پری نے احد کو سوالیہ نظروں سے دیکھا۔۔

بیٹا سب کو آپ سے بات کرنی ہے معافی مانگنی ہے بات کر لو بیٹا مجھے اچھا لگے گا۔

احد نے پری کی جانب فون بڑھایا تو پری نے فون لیا۔

ھیلو!!!

پری کے ھیلو کہتے ہی سب سے پہلے فہد نے بات کی۔

بیٹا کیسی ہو۔میں اسوقت زیادہ کچھ نہیں کہہ سکتا مگر مجھے اور اپنی تائی کو معاف کر دینا بیٹا۔

فہد کی بات سنکر پری کی آنکھوں میں نمی تیرنے لگی۔

پری میں تمھاری تائی بیٹا مجھے دل سے معاف کر دینا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ثناہ کی آواز سنتے ہی پری کی ہچکیاں بندھ گئی تو احد نے اس سے فون لیا اور کان پر لگاتے ہی ثناہ کے کیے ہوئے ظلم جو وہ رو رو کر بتا رہی تھی اور پری سے معافی مانگ رہی تھی سنتے ہوئے غصے اور تکلیف سے اپنی نظر دوسری طرف پھیرنے لگا تو اسے کوئی نظر آیا جسے دیکھنے کے بعد احد نے پری کی جانب دیکھا جو ابھی تک سر جھکائے آنسو بہا رہی تھی۔

بھابھی ہم نے اپنا معاملہ اللہ پر چھوڑا ہے اور سب کو معاف کر دیا ہے۔اللہ حافظ۔

احد اپنی بات مکمل کر کے فون بند کر چکا تھا اور پری کی جانب پانی کا گلاس بڑھاتے ہوئے اسے چھپ کرانے لگا۔۔۔۔

احد کو اپنی جانب دیکھتے ہوئے وہ مال سے باہر آ کر اپنی گاڑی میں بیٹھ چکا تھا اور اب سڑکوں پر بلا مقصد گاڑی چلائے جا رہا تھا۔وہ صبح سے احد کے گھر کے باہر گاڑی میں بیٹھا تھا اور انکو دیکھتے ہی انکا پیچھا کرنے لگا اسے بھی یہ محسوس ہوا کہ پری کو اسکی موجودگی کا احساس ہو چکا ہے۔

اب وہ گاڑی کا اپنا گھر کی جانب کرنے لگا تھا وہ خوش تھا کہ پری کو دیکھ لیا تھا اس نے۔۔۔۔

چھ مہینے ہو چکے تھے پری اپنے بابا یعنی احد کے ساتھ جتنی خوش تھی شاید ہی کبھی رہی ہو احد اسے لندن اپنے خوبصورت ویلا میں لایا تھا دبئی میں دو مہینے رہنے کے بعد وہ اسے کافی جگہوں کی سیر کرا چکا تھا اور اب ایک مہینے سے وہ لندن میں تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لندن میں آکر احد اکثر اپنے کام کے سلسلے میں باہر رہتا تو پری میڈ کے ساتھ جو دبئی سے اب انکے ساتھ ساتھ رہتی تھی ویلا کے باہر ہی پارک میں چہل قدمی کرنے نکل جاتی تھی

اسکی جولی لبنہ اور زید سے بھی فون پر بات ہوتی رہتی تھی اب یمنا اور شاہ بھی کبھی کبھار فون کر لیتے تھے۔۔۔ سنبل سے بھی اسکی بات ہو چکی تھی جو اب اپنے شوہر کے پاس بارڈر کے قریب کسی مقام پر تھی جسکی وجہ سے انکی زیادہ بات نہیں ہو پاتی تھی۔

وہ اکثر پارک میں کسی کو خود کو دیکھتے ہوئے محسوس کرتی تھی مگر اسے کبھی کوئی نظر نہیں آیا تھا۔۔۔

!!!!جی جناب مگر میں اس وقت جواب نہیں دے سکتا آپکو انتظار کرنا پڑے گا۔۔جی اوکے اوکے احد فون پر بات کرتے ہوئے ایئرپورٹ سے باہر آرہا تھا پری گاڑی میں بیٹھی اسی کا انتظار کر رہی تھی اسی کا انتظار کر رہی تھی وہ آج شاہ پیلس جا رہے تھے سب کے اسرار پر احد مانا تھا تو پری نے کچھ نہیں کہا تھا۔۔۔

احد کے گاڑی میں بیٹھتے ہی گاڑی شاہ پیلس کی جانب چلنے لگی۔۔

ڈرائیور پہلے مجھے ہمارے آبائی قبرستان لے چلو۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ کہتے ہوئے احد نے پری کی جانب دیکھا جو قبرستان کا نام سنکر احد کی جانب دیکھنے لگی تھی اور نمی اسکی آنکھوں میں تیرنے لگی تھی۔

قبرستان میں باری باری اپنے دادا پھر دادی اور آخر میں سلونی کی قبر پر وہ احد کے ساتھ فاتحہ پڑھکر جب جانے لگی تو سلونی کی قبر پر بیٹھ کر رونے لگی۔۔احد بھی اسکے برابر میں بیٹھ گیا۔

پری بیٹا پلیز رووُں مت سلونی کو دکھ ہوگا اور وہ سمجھے گی میں نے تمھیں خوش نہیں رکھا ہے۔

احد نے اپنی آنکھوں میں آئے آنسو صاف کرتے ہوئے پری کو کہا۔

نہیں بابا میں بہت خوش ہوں جب سے آپ کے ساتھ ہوں اور ماں بھی یہ سب جانتی ہے بابا آپ گریٹ ہو۔

یہ کہتے ہوئے پری احد کے گلے لگی تھی تو احد اسے گاڑی کی طرف لے جانے لگا۔

پری بیٹا مجھے آپ سے ایک بات کرنی ہے لندن میں میرے ایک دوست کی فیملی کو آپ بہت پسند آئی ہو مگر میں نے انھیں ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا ہے بہت اچھے لوگ ہے میں انھیں اچھی طرح جانتا ہوں۔

احد کی اس بات پر پری چونک گئی تھی اور حیرت سے اسے دیکھ رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaali Pari | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ارے پری بیٹا ڈرومت آپکی مرضی کے بغیر کچھ نہیں ہوگا بس میرے بتانے کا مقصد یہ تھا کہ اچھے لوگ ہے اور ہر باپ کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ اپنی زندگی میں اپنے بچوں کا گھر بسا لے مگر میں تمھارے لیے انتظار کرنے کا کہہ چکا ہوں او کے تو سوچ لینا اس بارے میں اور ہاں کوئ جلدی نہیں ہے۔

وہ دونوں گاڑی میں دوبارہ بیٹھ چکے تھے مگر پری کا ذہن کسی عجب کشمکش میں الجھ گیا تھا۔۔۔

✸✸✸✸✸✸✸✸✸

وہ لال لمبے فراک میں سر پر لال دوپٹہ سے اپنا چہرہ چھپائے اسکی جانب آرہی تھی۔

اسے اپنی جانب آتا دیکھ کر اب اسکے قدم بھی آگے بڑھنے لگے تھے کہ اچانک کسی سمت سے کسی کی آواز آئ۔

!!!!!اینجل

یہ سنتے ہی وہ اپنا لال فراک سنبھالے آواز کے تعاقب میں دوڑی تھی۔

وہ جو اسے اپنی جانب آتا دیکھ کر خود بھی اسی کی طرف بڑھنے لگا تھا اسے اسطرح کسی اور کی آواز پر خود سے دور جاتا دیکھ کر اسکے پیچھے بھاگنے لگا تھا۔

وہ دوڑتے دوڑتے کسی کے سینے سے جالگی تھی اور اسکے وہاں پہنچنے سے پہلے ہی نظروں سے اوجھل

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہونے لگی تھی

!!!پری

!!!!پری

زور سے آواز دیتے ہوئے نوفل نیند سے اٹھا تھا۔

نوفل کی آواز سنکر یمنااور شاہ کمرے میں آگ ئے تھے

کیاہوا آپکو؟؟؟

یمنانے نوفل کے پاس آکر پوچھاتو وہ اسکی بات کا جواب دی ئے بغیر اٹھکر واشروم کی جانب بڑھا

یمناکی آنکھوں میں آنسو آگ ئے تھے چھ مہینے ہو گ ئے تھے مگر ابھی تک نوفل یمنا کو اسکے حقوق نہیں دے پارہاتھااور یمنا بھی اسے وقت دے رہی تھی کہ وہ سب بھول جائے اور خود اسے اپنالے مگراب وہ ڈرنے لگی تھی اور شاہ بھی وہ یمنا سے دور نا چلا جائے کیونکہ جب سے احد نے اپنے اور پری کی آنے کا کہا تھا تب سے نوفل بے چین رہنے لگا تھا۔۔

شاہ پیلس میں آکر پری اور احد کو ایک ہفتہ ہو چکا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پری اس وقت سرونٹ کوارٹر میں اپنی کچھ چیزیں سمیٹ رہی تھی وہ اصل میں اپنے بابا یعنی احد کے دی ئے ہوئے ریڈیو کو لینے آئی تھی۔

پری ریڈیو لیکر شاہ پیلس کی جانب جانے لگی تو یمنا اسے نظر آئی جو باہر گارڈن میں گم سم بیٹھی تھی۔

اسے اکیلا دیکھ کر پری اسکے پاس آئی۔

یمنا کیسی ہو کیا میں یہاں بیٹھ سکتی ہوں۔

پری نے یمنا کی طرف مسکراتے ہوئے دیکھ کر پوچھا

ہاں یار اس میں پوچھنا کیوں آؤ نا بیٹھو۔

یمنا نے پری کا ہاتھ تھامے اپنے ساتھ بینچ پر بٹھایا۔

۔

اور سناؤ پری کیسی ہو اور اب کیسا لگ رہا ہے تم خوش ہو نا؟؟

یمنا کے پوچھنے پر پری مسکرائی۔

ہاں بہت خوش ہوں مجھے میرے بابا مل گ ےئ سب مل گیا اب سب اچھا لگتا ہے تم اپنی بتاؤ۔

پری کی اس سوال پر یمنا کے چہرے پر ایک درد بھری مسکراہٹ آ گئی۔

..... پری کبھی کبھار سب مل کر بھی ہم خوش نہیں ہوتے ہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یمنا یہ کہہ کر اپنے آنسو روکنے کی کوشش کرنے لگی تھی پری اسکی جانب حیرت سے دیکھ رہی تھی تبھی یمنا نے نوفل کو دیکھا جوان دونوں کی طرف دیکھ رہا تھا تو یمنا جلدی پری سے مخاطب ہوئی۔

یار پری پلیز ایک گزارش ہے پوری کرو گی دیکھو نامت کرنا تم نے ویسے بھی مجھے میرے شادی کا گفٹ نہیں دیا ہے اسے میری شادی کا گفٹ ہی سمجھ لو۔

پری اسے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگی تھی تبھی احد جو پری سے بات کرنے کیلیے اسی کی طرف آرہا تھا نوفل پر نظر پڑتے ہی اسے بھی ساتھ لیکر باتیں کرتے ہوئے وہاں پہنچ چکا تھا۔۔

کیا باتیں ہو رہی تھی دونوں لیڈیز کے بیچ۔

احد نے خوشگوار انداز میں پوچھا۔

انکل میں پری سے اپنی شادی کا گفٹ مانگ رہی تھی تو پری دو گی نا مجھے گفٹ۔

پری ابھی بھی حیرانی سے یمنا کی جانب دیکھ رہی تھی۔تو احد نے جواب دیا۔

ہاں دیگی جو مانگنا ہے مانگو بیٹا پری کو میں آرڈر دیتا ہوں وہ ضرور تمھاری بات پوری کرے گی۔

یمنا نے یہ سنکر نوفل کی طرف دیکھتے ہوئے پری سے کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے ہمیشہ نوفل کو گا کر اپنی دل کی بات بتانے کی کوشش کی ہے مگر میری آواز اتنی اچھی نہیں ہے تو آج میرے دل کی بات میں نوفل تک پہنچانا چاہتی ہوں تو پھر میں جو گانا بولو گی پلیز وہ گا دو میرے لیے پلیز۔۔۔

یمنا کی بات سنکر پری نے احد کی طرف دیکھا جو مسکرا رہا تھا

ہاں پری بیٹا بہت دن ہو گۓ ہیں میں بھی سننا چاہتا تھا تمھاری آواز تو چلو پھر ہاں تو یمنا بتا دو جو نوفل کو بتانا چاہتی ہو۔

احد کے ایسا کہنے پر یمنا خوش ہوتے ہوۓ پری کے کان میں گانے کے بول بتا کر اب اسکے گانے کا انتظار کرنے لگی

پری نے اپنا رخ دوسری جانب کر لیا تھا اور اپنی آنکھیں بند کر لی تھی اور ان آنکھوں میں اب کسی کا عکس تھا کسی نیلی آنکھوں والے کا۔۔۔۔

تو آتا ہے سینے میں جب جب سانسیں بھرتی ہوں۔

تیرے دل کی گلیوں سے میں ہر روز گزرتی ہوں۔۔

ہوا کے جیسے چلتا ہے تو میں ریت جیسے اڑتی ہوں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کون تجھے یوں پیار کرے گا جیسے میں کرتی ہوں۔۔۔

یمنا نوفل کی طرف نم آنکھوں سے دیکھ رہی تھی اور نوفل نے اسے دیکھ کر چہرہ پھیر لیا تھا۔

پری کی پلکیں بھی بھیگ چکی تھی کسی کی یاد میں

تو جو مجھے مل گیا سپنے ہوئے سر پھرے

ہاتھوں میں آتے نہیں اڑتے ہیں لمحے میرے۔

میری ہنسی تجھ سے میری خوشی تجھ سے

تجھے خبر کیا بے خبر

جس دن تجھ کو نا دیکھو پاگل پاگل رہتی ہوں کون تجھے یوں پیار کرے گا

جیسے میں کرتی ہوں۔

پری کے چھپ ہوتے ہی احد کے ساتھ وہاں موجود ملازم اور ملازمائیں بھی تالیاں بجانے لگے تھے

یمنا بھی پری سے ہنستے ہوئے گلے ملی تھی اور نوفل بھی بس ہلکا سا مسکرا رہا تھا۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رات کے کھانے پر سب ساتھ بیٹھے ہوئے تھے تب احد نے فہد سے مخاطب ہو کر کچھ کہا

۔بھائی پری کیلیے رشتہ آیا ہے لوگ بہت اچھے ہیں میں انھیں پرسنلی بھی جانتا ہوں وہ لندن میں پری کو دیکھ چکے ہیں شام کو انکا فون آیا تھا وہ کل آئے گے ہم سب سے ملنے۔

احد کی بات سنکر پری اور نوفل کے علاوہ سب کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی تھی۔۔

تو پھر تم نے رشتہ کرنے کا سوچ لیا ہے کیا؟؟

فہد نے احد سے پوچھا تھا۔

نہیں بھائی ابھی تک نہیں میں نے فیصلہ پری پر چھوڑا ہے وہ جب تک نہیں چاہے گی تب تک میں کوئی جواب نہیں دونگا اور یہ میں انکو بھی بتا چکا ہوں۔۔۔

اب دونوں بھائی بزنس کی باتیں لیکر بیٹھ چکے تھے جبکہ پری کل کیل ۓ پریشان ہو چکی تھی۔

یمنا کچن میں کھڑی کسی گہری سوچ میں ڈوبی ہوئی تھی جب شناہ وہاں آئی اور اسے اسطرح دیکھا تو اسکے قریب آکر اسکے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے اپنی جانب متوجہ کیا۔

یمنا کیا سوچ رہی ہو اور اس وقت کچن میں کیا کر رہی ہو۔

شناہ کی طرف دیکھتے ہوئے یمنا نے گہری سانس لی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ نہیں خالہ بس اپنے اور نوفل کے رشتے کے مستقبل کے بارے میں سوچ رہی تھی وہ مجھے اپنا نام تو دے چکا ہے مگر زندگی میں شامل کرنے کیلیے وقت مانگ چکا ہے مجھے ڈر ہے کہ یہ وقت میری عمر جتنا لمبا نہ ہو۔

یمنا یہ کہہ کر شاہ کے گلے لگ کر رونے لگی تھی۔ تو شاہ بھی اسکی حالت پر افسوس کرنے لگی اور بولی۔

نہیں بیٹا ایسا نہیں ہے تم دیکھ لینا پری کا بس کسی اچھے گھر میں رشتہ ہو یہ دعا کرو پھر نوفل خود اسے بھول کر تمھیں تمھاری جگہ دے گا۔

پری جو کچن میں پانی کی بوتل لینے آئی تھی ساری باتیں سنکر اب وہاں سے اپنے کمرے میں چلی گئی تھی۔

✖✖✖✖✖✖✖✖✖✖

اگلے دن شام کو احد کے فون بجا جب سب ساتھ میں چائے پی رہے تھے

اوہ ینگ مین کیسے ہو۔؟؟ کیا شاہ پیلس کے باہر تو اندر آجاؤنا۔ہاں ہاں ہم سب گھر پر ہی ہے

احد نے فون رکھتے ہی پری کی

طرف دیکھا اور کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پری بیٹا جولی اور زید آرہے ہیں۔

یہ کہہ کر احد اٹھکر باہر کی جانب گیا تھا اور اسکے ساتھ نوفل اور فہد بھی مگر پری کے دل کی دھڑکنیں بے ترتیب ہونے لگی تھی۔۔

✖✖✖✖✖✖✖✖✖

جولی اور زید ڈرائینگ روم میں بیٹھے سب سے باتیں کر رہے تھے تبھی احد نے زید سے آھل کا پوچھا۔

زید آھل نہیں آیا تم لوگو کے ساتھ ؟؟

آھل کا نام سنتے ہی پری کا دل زور زور سے دھڑکا تھا۔

من مست مگن بس تیرا نام دہرائے۔

نہیں وہ اپنے سسرال گیا ہوا ہے شادی کے کارڈز کے سلسلے میں۔

زید کے منہ سے یہ سنتے ہی پری پر جیسے قیامت ٹوٹی تھی اسکا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ بھاگ کر چلی جائے وہ خود کو بامشکل کمپوز رکھے ہوئے تھے۔

اچھا تو دونوں بھائیوں کی شادی ساتھ ساتھ ہے مبارک ہو

فہد اٹھکر زید کے گلے ملا تھا اور ساتھ ہی احد اور نوفل بھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

توبھئی کب ہے شادی؟

احد نے پوچھا۔

اسی لیے تو آئے ہیں یہ شادی کارڈ ہے آپ سب ضرور آنا۔

جولی نے کارڈ شاہ کی جانب بڑھایا تبھی ملازمہ نے کسی مہمان کے آنے کی اطلاع دی تو احد اور فہد باہر چلے گئے اور تھوڑی دیر بعد نوفل اور زید بھی وہاں سے چلے گئے۔

--

اور پری کیا کر رہی ہو آج کل؟؟

جولی نے پری سے پوچھا۔

-

کچھ نہیں بس کھیتوں کی سیر اور گھر پر ہی۔

اچھا تم شادی میں آنا میں چلتی ہوں زید مس بل دے رہا ہے او کے بائے۔

جولی سب سے ملکر چلی گئی پری اسے چھوڑنے جانے لگی تو شاہ نے اسے روکا

رکو پری باہر تمھارے رشتہ کیلئے لوگ آئے ہوگے ایسے سامنے جانا اچھا نہیں جولی کو میں اور یمنا چھوڑ دے گے تم اپنے کمرے میں جاؤ۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ثناء پری کو اسکے کمرے میں جانے کا کہہ کر باہر چلی گئی تھی۔ پری جو کب سے خود پر قابو رکھے ہوئے تھی اب وہ ضبط ٹوٹ چکا تھا وہ روتے ہوئے اپنے کمرے میں آئی تھی اور دروازہ بند کر کے پلنگ کے قریب پہنچ کر نیچے بیٹھ کر رونے لگی تھی۔

وہ خود کو بے بس محسوس کر رہی تھی وہ منہ پر ہاتھ رکھ کر رو رہی تھی تا کہ کسی کو اسکی بے بسی کا پتہ نا چلے۔

✖✖✖✖✖✖✖✖✖

رات کو کھانے کے بعد احد سب کے ساتھ پری کیلئے آئے ہوئے رشتے کے بارے میں بات چیت کر رہا تھا

وہ لوگ تو شادی کی تاریخ مانگ رہے تھے جبکہ میں نے ابھی تک ہاں بھی نہیں کی ہے۔

احد نے کہا

کچھ بھی کہے مگر لڑکا بہت خوبصورت لگا مجھے کیوں فہد ہے نا؟؟

ثناء نے فہد کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

۔ہاں واقعی میں لڑکا تو مجھے بھی بہت اچھا لگا مگر میں ہم کیا کر سکتے ہے جب پری ہی کچھ نہیں کہتی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فہد نے پری کی طرف دیکھتے ہوئے کہا جوان سب کی باتیں سنکر سر جھکائے بیٹھی تھی

نہیں بھائی پری کو کوئی فورس نہیں کرے گا بس ایک ایڈوانیج ہوتا مجھے بھی اور میرے سارے کولیگ اور فرینڈس کو آھل کی شادی میں وہ آتے تو پری کی بھی شادی کی ڈیٹ ساتھ ہی رکھ کر سب کا ٹکٹ ویزا کا خرچہ ایک کر دیتے۔

احد نے اپنی رائے دی تو ثناہ بولی۔

ارے ہم انکے ساتھ ساتھ ڈیٹ رکھ دینگے بلکہ میں تو کہتی ہوں ایک ہی میرج ہال رکھ لیتے ہیں ان سے بات کر لیتے ہے مجھے نہیں وہ انکار کرے گے ویسے بھی رشتہ بہت اچھا ہے ہاں بول دینی چاہئے

ثناہ بھی اب پری کو دیکھ رہی تھی۔

نہیں بھابھی ہم بعد میں دیکھ لینگے جب پری کی مرضی ہو گی۔

احد کی بات پوری ہوئی نہیں تھی کہ پری کی آواز آئی۔

بابا مجھے منظور ہے آپ ہاں کہدے ان لوگوں کو۔

پری کی بات سنکر سب خوش ہوئے تھی

احد پری کے قریب آیا تھا اور اسکے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے اسے گلے لگا لیا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaali Pari | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پری بیٹا یہ لو لڑکے کی تصویر دیکھ لو۔

احد نے پری سے الگ ہوتے ہوئے اپنا موبائل جیب سے نکال کر اسکی جانب بڑھایا۔

نہیں بابا آپ نے پسند کیا ہے کافی ہے۔

یہ کہہ کر پری وہاں سے اپنے کمرے میں آ گئی تھی اور احد اب مسکراتے ہوئے زید کو فون کر رہا تھا۔۔

احد پری کو آواز دیتا ہوا اسکے کمرے میں آیا تھا۔

پری بیٹا چلو جلدی کرو سب تیار ہے شاپنگ پر جانا ہے لیٹ ہو رہا ہے ہمیں۔

نہیں بابا میرا دل نہیں کر رہا اور مجھے نیند بھی آ رہی ہے رات کو ٹھیک طرح سوئی نہیں تھی۔

پری نے بہانہ بناتے ہوئے کہا۔

اوکے بیٹا کوئی بات نہیں اپنا ہاتھ دو۔

پری نے نا سمجھی میں اپنا ہاتھ آگے بڑھایا تو احد نے اپنی انگھوٹی سے اسکے کڑھے کا لاک کھولا جس پر پری اب احد کی جانب دیکھنے لگی تھی۔

وہ بیٹا میری انگھوٹی اب تمھارے دولہے کے سائز کی بنوا رہا ہوں اور کڑھا پالش کروا لونگا کیونکہ اب اس پر اسکا حق ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پری اب روتے ہوئے احد کے گلے لگی تھی

بابا پلیز ایسی باتیں مت کرے

نہیں بیٹا چپ کرو ورنہ میں بھی رودوں گا۔

احد کی بات سنتے ہی پری چپ ہو گئی تھی۔۔

احد کے جانے کے بعد پری بیڈ پر لیٹے سوچ رہی تھی۔

میری شادی سے یمنا اور نوفل خوش رہے گے تائی خوش ہو گی اور بابا تو سب سے زیادہ مگر میں کیا میں خوش ہوں۔مجھے اپنی خوشی بابا کی خوشی میں نظر آتی ہے۔بس بابا خوش تو میں بھی خوش۔

پری اپنے آپ کو خود منا رہی تھی مگر اسکا دل کچھ اور ہی چاہ رہا تھا جو وہ اپنے دل میں دبا کر رکھنا چاہتی تھی مگر وہ نہیں کر پا رہی تھی۔۔

وہ رونا چاہ رہی تھی مگر کیو اسے خود نہیں پتہ تھا۔

آحل!!

یہ نام لیتے ہی اسکی پلکیں بھیگ گئی تھی۔

آپ نے مجھے مانگا کیوں نہیں بابا سے آحل کہاں ہے آپ؟؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ تکیے میں منہ دیئے رو رہی تھی اور کب سوئی کچھ پتہ نہیں۔۔

✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿

لبنہ پیلے سوٹ میں مایوں کی رسم کے بعد جولی کے ساتھ بیٹھی باتیں کر رہی تھی۔

کتنا مزہ آ رہا ہے نا لبنہ پاکستانی ویڈنگ میں۔

جولی کی بات پر لبنہ ہنسنے لگی تھی۔

ہاں مگر سب اتنی جلدی ہو رہا ہے مایوں اور رات کو ہی مہندی اور کل نکاح کہ مام کو آنے ہی نہیں ہوا اچانک ہی چیسٹ پین سے انھیں واپس گھر جانا پڑ گیا اور اب تو وہ آ ہی نہیں سکے گی ڈاکٹر نے منع کر دیا ہے۔

لبنہ افسردگی سے کہہ رہی تھی۔

تبھی جولی اسکے قریب ہوتے ہوئے بولی۔

ارے ہم سب ہے نا کیوں ٹینشن لیتی ہو۔ چلو ابھی مہندی کی رسم شروع ہو گی پارلر سے لڑکیاں بھی آ چکی ہے۔۔

جولی کی بات سنکر لبنہ اٹھ کر چینج کرنے چلی گئ تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نواب ہاؤس میں کافی رونق تھی جن میں سے اکثر احد اور آھل کے کولیگ تھے بزنس پارٹنر اور رشتہ دار زیادہ نہیں تھے

آھل اور زید بس دو بھائی تھے انکے والدین بھی اکلوتے تھے اور اب اس دنیا میں نہیں تھے مگر ان دونوں کیلیے کافی جائداد چھوڑ گۓ تھے۔لیکن آج دونوں بھائیوں کو انکی کمی کا احساس ہو رہا تھا۔

ایونٹ آرگنائزر نے سب اچھے سے ارینج کرر کھا تھا۔نواب ہاؤس کے بیک سائیڈ پر مہندی کا فنکشن رکھا گیا تھا جہاں صرف لیڈیز ہی تھی اور جینٹس سارے دوسری طرف تھے۔

زید نے بہت کوشش کی تھی کہ لبنہ کو ایک نظر دیکھ لے مگر جولی نے اسے کوئی موقع نہیں دیا تھا اور وہ ہر بار جولی کو دیکھ کر اسے کھا جانے والی نظروں کا نظارہ کراتا اور جولی اس پر ترس کھانے جیسا چہرہ بناتی۔۔۔

زید نے آھل کے کسی کولیگ کے پوچھنے پر آھل کو اسکے کمرے میں دیکھنا گیا تو وہ وہاں موجود نہیں تھا جس پر زید ذرا فکر مند ہوا۔

اب بھائی اس وقت کہاں گۓ۔۔؟؟؟

پری اپنے کمرے میں بیٹھی اپنے ہاتھوں کی مہندی کا رنگ دیکھ رہی تھی اسکے پاس بیٹھی یمنا بولی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaali Pari | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پری تمھاری مہندی کا رنگ تو بڑا گہرا آیا ہے لگتا ہے تمھارے وہ بہت چاہ سے رکھے گا تمھیں۔۔

یمنا کی بات کا پری نے کوئی جواب نہیں دیا تھا۔ تبھی ملازمہ یمنا کو کسی کام سے بلانے آئی تو یمنا وہاں چلی گئی۔۔

گانے کی آوازیں پری کے کمرے میں آرہی تھی جو گارڈن میں لڑکیوں نے چلائے ہوئے تھے۔ شاہ پیلس بھی مہمانوں سے بھرا ہوا تھا۔

پری یمنا کے جانے کے کچھ دیر بعد اٹھ کر ڈریسنگ کی جانب جانے لگی تو دروازہ پر دستک کی آواز پر رکی۔

پری !!!

نوفل کی آواز سنکر پری وہی منجمد ہو کر رہ گئی تھی وہ مڑ کر اسکی طرف دیکھ بھی نہیں پا رہی تھی۔

پری!! سوری شاید مجھے اسطرح یہاں نہیں آنا چاہیئے تھا مگر میں دل کے ہاتھوں مجبور ہو گیا ہوں۔ میں یمنا سے شادی تو کر چکا ہوں مگر اسے اپنا نہیں پا رہا میں تمھیں بھول نہیں پا رہا پلیز مجھے غلط مت سمجھنا مگر میں تمھاری حالت بھی سمجھ چکا ہوں کہ تم اس شادی سے خوش نہیں ہو اب بھی وقت ہے تم کہو تو اب بھی کچھ بگڑا نہیں ہے سب ٹھیک ہو سکتا ہے پری میں !!

نوفل کی بات کاٹتے ہوئے پری بغیر مڑے بول پڑی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!! رکو نوفل

پری نے اسے بولنے سے روکا اور گہرا سانس لیا جسکے ساتھ اسکی آنکھوں سے اب آنسو بھی بہنے لگے تھے۔

پتہ ہے نوفل تم بہت خوش قسمت ہو کیونکہ تمھارے معاملے میں یمنا اور مجھے ہم دونوں کو ہمارے بڑوں نے بچپن سے ہی یہ بتا رکھا تھا کہ ہم تم سے منسلک ہے اور تمھیں بتائے بغیر دو لوگ تمھیں اپنا مستقبل ماننے لگے تھے مگر یہ ہمارے بڑوں کی غلطی تھی انھیں اسطرح پوچھے بغیر فیصلے نہیں کرنے چاہیئے دیکھوں ہم سب کتنی تکلیف سے گزرے یمنا مجھ سے سبقت لے گئی کیونکہ تم نے اسے کبھی انکار نہیں کیا مگر مجھے تو صاف لفظوں میں ٹکرایا تھا اور تو اور تائی کی پسند بھی یمنا ہے تو پھر تمھیں انکی پسند کا احترام کرنا چاہیئے تمھارے کسی بھی فیصلے سے دکھ کتنوں کو ہوگا اور خوشی کتنوں کو۔

پری بولتے بولتے رکی تھی اور اپنے آنسو پونچھتے ہوئے دوبارہ بولنے لگی۔

ماں باپ کی قدر کرو یہ عظیم تحفہ قسمت والوں کو نصیب ہوتا ہے یقین مانو نوفل اس حادثہ کے بعد میں تمھیں نہیں بھولی تھی مگر کچھ عرصے بعد میں سب بھلانے لگی تھی یقین مانو تمھاری نکاح سے زیادہ آج مجھے اسکے نکاح ہونے کا دکھ ہے درد ہے تکلیف ہے۔۔اب تم نہیں ہو میرے دل میں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaali Pari | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہاں کوئی اور ہے مگر میرے لیے میرے بابا کی خوشی سے زیادہ کسی کی خوشی معنی نہیں رکھتی جاؤ نوفل جاؤ تمھیں وہ حاصل ہے جو تم پر مرتا ہے میں نے یمنا کی آنکھوں میں وہ سب دیکھا ہے جو تم مجھ سے طلب کر رہے ہو مگر میرے دل میں تمھارے لیے اب کچھ نہیں ہے پلیز نوفل پیار اس سے کرو جو تم سے پیار کرے اپنی خوشیاں سنبھال لو کہیں میری طرح دیر نہ کر دینا پلیز جاؤ۔

۔پری نے ایک ہی سانس میں ساری بات کہی تھی اور ڈریسنگ کی طرف بڑھ گئی اُسے جاتا دیکھ کر نوفل بھی بوجل قدموں سے باہر کی طرف چلا گیا تھا جہاں یمنا کے علاوہ کوئی اور بھی یہ ساری باتیں سن چکا تھا۔۔

✖✖✖✖✖✖✖✖✖

زید نے بہت کوشش کی مگر لبنہ کو دیکھ نا سکا مگر رات ہوتے ہی جب سارے مہمان ایک طرف ہوئے تو وہ سب سے نظر چرا کر لبنہ کے کمرے کی طرف گیا مگر سیڑھیاں چڑھتے ہوئے جولی نے اسے دیکھ کر اسے واپس بھگا دیا تھا۔

جولی کو میں کبھی معاف نہیں کروں گا چلو اپنا غم بھائی سے ہی شیئر کرتا ہوں۔

زید نے رونی صورت بنا کر آحل کا نمبر ملایا جو آف تھا۔۔۔

✖✖✖✖✖✖✖✖✖

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نوفل کے جاتے ہی پری ڈریسنگ سے بغیر چینج کیے باہر آئی وہ سفید رنگ کے لہنگے میں بہت پیاری لگ رہی تھی وہ کمرے کی لائیٹ آف کر کے بیڈ پر لیٹ گئی تھی کہ نیچھے چلنے والے گانے سے اسکی آنکھوں میں آھل کا چہرہ لہرانے لگا۔۔

جانم دیکھ لو مٹ گئی دوریاں

میں یہاں ہوں یہاں ہوں یہاں

کیسی سرحدیں کیسی مجبوریاں

میں یہاں ہوں یہاں ہوں یہاں۔

وہ آنکھیں بند کیے آھل کو محسوس کر رہی تھی۔۔

وہ آھل کے بارے میں ہی سوچ رہی تھی اور اٹھکر کھڑکی کی جانب آنے لگی تھی کہ کسی نے اسکا ہاتھ تھام لیا۔ وہ چیخنے لگی تھی کہ اسکے لبو پر اسنے ہاتھ رکھ لیا۔۔۔

ششششش۔

اندھیرے میں اسکا وجود پری کو صحیح نظر نہیں آیا مگر آنکھیں جو برقی قمقموں کی مدھم روشنی میں وہ پہچان چکی تھی اسل ہئے اب کوئی مذاہمت کرنے کے بجائے وہ بغیر پلکے جھپکائے ان آنکھوں کو دیکھ رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم چھپا نا سکوں گی میں وہ راز ہوں

تم بھلا نا سکوں گی وہ انداز ہوں

میں تمھارے ہر ایک خواب میں ہوں بسا

میں تمھارے نظر کے اجالوں میں ہوں

میں ہی میں اب تمھارے خیالوں میں ہوں

میں سوالوں میں ہوں میں جوابوں میں ہوں

گو نجتا ہوں جو دل میں تو حیران ہو کیوں

میں تمھارے ہی دل کی تو آواز ہوں۔۔

سن سکو تو سنو دھڑکنوں کی زباں

میں یہاں ہوں یہاں ہوں یہاں

وہ اب اسکا ہاتھ تھامے اسے بیڈ تک لایا تھا اور کمفرٹر اڑھانے لگا اور خود اسکا ہاتھ تھامے بیڈ سے نیچھے اسکے چہرے کو آنکھوں سے تکتے ہوئے بیٹھ گیا۔۔اور ایک دوسرے کو یونہی دیکھتے ہوئے انکی آنکھیں کب لگی پتہ نہ چلا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صبح گھر میں غیر معمولی چھل پہل کی وجہ سے پری کی آنکھ کھلی تو وہ اپنے آس پاس دیکھنے لگی مگر جسے ڈھونڈھ رہی تھی وہ وہاں نا تھا

کیا میں خواب دیکھ رہی تھی۔

پری خود سے ہمکلام ہوئی تھی۔

✖✖✖✖✖✖✖✖✖✖

سب نکاح کیلئے ہال میں جمع ہو رہے تھے۔

ایک ایک کر کے مہمان آرہے تھے دولہے بھی آچکے تھے اور اب دلہنوں کا انتظار تھا

دونوں دلہنیں تیار ہونے کے بعد بہت پیاری لگ رہی تھی اور ذرا فاصلہ پر الگ الگ نشستوں پر دونوں کو بٹھایا گیا تھا۔۔

۔

لبنہ بہت خوش تھی مگر پری کا چہرہ پر کسی قسم کا کوئی تاثر نہ تھا۔ تبھی جولی اندر آئی۔

واؤ تم دونوں تو بہت پیاری لگ رہی ہو اب بس آھل کی دلہن کو دیکھنا ہے وہ نکاح کیلئے جا چکا ہے۔۔۔

جولی کی بات سنکر پری کا دل بے چین ہونے لگا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaali Pari | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نکاح ہونے میں ٹائم تھا تو ایونٹ آرگنائزر نے ماحول کو خوشگوار بنانے کیلیے گانے چلا رکھے تھے۔۔

اسی وقت ایک گانا چلا جسے باقی سب کا پتہ نہیں مگر پری سننے لگی تھی۔۔

کب آؤ گے

جسم سے جان جدا ہو گی

کیا تب آؤ گے۔

دیر نا ہو جائے کہیں دیر نا ہو جائے

آ جا دیکھ میرا من گھبرائے۔

دیر نہ ہو جائے کہی دیر نا ہو جائیں

پری کی پلکیں بھیگنے لگی تھی اسے آحل کے ساتھ گزرا ہر لمحہ یاد آ رہا تھا۔پری پر جولی کی نظر پڑی تو وہ اسکے پاس آ کر بیٹھی۔

پری رونے کی کوشش مت کرنا ورنہ سارا میک اپ خراب ہو جائے گا مجھے پتہ ہے یہ وقت بہت مشکل گزر رہا ہے تم پر پھر بھی پلیز چپ رہنا۔۔

جولی یہ کہتے ہوئے ٹشو سے اسکی آنکھوں میں آئے ہوئے آنسو صاف کرنے لگی۔اور پری بہت آہستہ سے جولی کی طرف دیکھے بغیر سر جھکائے اس سے مخاطب ہوئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں جولی یہ وقت واقعی بہت مشکل ہے مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ میں چھپ رہو یا نہیں مگر آحل نے مجھے بابا سے کیوں نہیں مانگا۔آحل کہاں ہے کیوں نہیں آئے وہ کیسے کسی اور کے ہونے جارہے ہیں۔میری زندگی کے اندھیروں میں رونقیں بھر کر میری مجبوری نہیں سمجھ سکے۔

پری کی بات سنکر جولی حیرت کے مارے اسے دیکھنے لگی تھی۔پری کی۔گانے کے زور آواز سے کوئ انکی باتیں سن نہیں سکا تھا۔

کہاں ہے رونق محفل یہی سب پوچھتے ہیں

بارہاں تیرے نا آنے کا سبب پوچھتے ہیں

دیر نا ہو جائے کہیں دیر نا ہو جائے۔

آہوں کی قسم تجھ کو نالو کی قسم ہے

خوابوں کی قسم تجھ کو خیالوں کی قسم ہے

ان بجھتے چراغوں کی اجالوں کی قسم ہے

آجا کے تجھ کو چاہنے والوں کی قسم ہے۔

حد ہو چکی ہے آجا

محفل سجی ہے آجا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaali Pari | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جان پر بنی ہے آجا

تیری کمی ہے آجا

دیر ناہو جائے کہیں دیر ناہو جائے۔

پری کے بہتے آنسو دیکھ کر جولی اسے روم کے اندر موجود واشروم کی طرف لے گئی۔

پری یہ کیا کر رہی ہو تم۔ تمھیں اندازہ ہے؟اس نے تمھارا انتظار کیا مگر تم نے بدلے میں کیا کیا؟

پری جو دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑی تھی آسمان کی جانب دیکھنے لگی تھی اور کچھ گنگنانے لگی تھی۔

دل دیا اعتبار کی حد تھی

جان دی میرے پیار کی حد تھی

مر گئے ہم کھلی رہی آنکھیں

یہ میرے انتظار کی حد تھی۔

اب جولی کی آنکھیں بھی نم تھی۔

در سے ہٹتی نہیں نظر آجا

آجا دل کی پکار پر آجا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیر کرنا میری عادت ہی صحیح

پر تو دیر سے ہی صحیح مگر آ جا۔

جولی نے پری کو چپ کرانے کیلئے گلے سے لگا لیا تھا۔

بس پری بس بیٹھو میں تمھارا چہرہ ٹھیک کر لو۔

جولی اسے وہی بینچ پر بٹھا کر اسکے آنسو صاف کر کے اسکے میک اپ ٹھیک کر کے کوئی بات کیے بغیر واپس روم میں لے آئی تھی اور خود وہاں سے چلی گئی۔

✖✖✖✖✖✖✖✖✖✖

لبنہ اور زید کا نکاح ہو گیا تھا ان دونوں کو اسٹیج پر ساتھ بٹھایا گیا۔۔۔

اب پری کا نکاح ہونے جا رہا تھا۔ وہ اپنی ذہنی الجھنوں اس قدر الجھی ہوئی تھی کہ نکاح خواہ کے الفاظ اسے سنائی ہی نہیں دے رہے تھے۔ تو احد کی آواز پر وہ ہوش کی دنیا میں لوٹی تب اسے نکاح کی منظوری لیے جانے والے الفاظ سنائی دیے۔

کیا آپکو نکاح قبول ہے؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پری جواحد کی جانب دیکھ رہی تھی جو اسے سوالیہ نظروں سے دیکھ رہا تھا پردے کے پیچھے سے آئی آواز کا اب جواب دینے لگی تھی

قبول ہے

قبول ہے

قبول ہے۔

ہر طرف مبارکباد دینے کی سرگوشیاں ہونے لگی اور اب پردہ ہٹا دیا گیا تھا مگر پری نے ایک نظر اٹھا کر سامنے کھڑے اپنے محرم کو نہیں دیکھا۔ پھر انھیں بھی ساتھ اسٹیج پر بٹھایا گیا مگر کچھ دیر میں ہی پری کی رخصتی کا بولا گیا۔

پری اس وقت کمرے میں تھی اسے شاہ اور یمنا چھوڑنے آئے تھے اور کمرے میں لا کر تھوڑی دیر بعد چلے گئے تھے۔ آتے وقت بھی وہ پورا رستہ گاڑی میں سر جھکائے بیٹھی رہی اور احد سے گلے ملنے کے بعد وہ جو روئی تھی اب بھی اسکے آنسو جاری تھے سارا رستہ کسی نے کسی سے کوئی بات نہیں کی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پری کو کمرے میں بیٹھے کافی دیر ہو چکی تھی اسے عجیب لگ رہا تھا کہ گھر میں کوئی عورت ہے بھی یا نہیں کیونکہ اب تک کوئی عورت اس سے ملنے نہیں آئی تھی جیسے عموماً دولہے کے آنے سے پہلے آتی تھی۔

وہ عجب کشمکش میں تھی کہ کمرے کا دروازہ کھلا اور پھر بند ہوا۔

پری کا دل اسکے حلق میں آگیا تھا

اسے پسینے آنے لگے۔

اسکے ہر قدم پر پری کی حالت مزید ابتر ہوتی جا رہی تھی۔

اب وہ قریب آکر پری کا جائزہ لیتا ہوا اسکے بے حد قریب بیٹھ گیا تھا۔

پری کا دل تیزی سے دھڑکنے لگا تھا۔اس نے پری کا ہاتھ تھاما تو پری لرزنے لگی تھی۔

اس نے پری کے ہاتھ میں وہی کڑھا پہنایا اور پھر انگھوٹی اسکے ہاتھ میں تھما کر اپنا ہاتھ آگے کیا

پری کو یہ سب عجیب لگ رہا تھا کیونکہ اس نے ابھی تک پری سے کوئی بات نہیں کی تھی۔

پری انگھوٹی تھامے بیٹھی رہی مگر اسے پہنانے کی ہمت نہیں کر پا رہی تھی یا شاید پہنانا نہیں چاہ رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ پری کی گھبراہٹ سمجھ گیا تھا اور اپنا موبائل ہاتھ میں تھامے اس پر انگیاں چلانے لگا اور مطلوبہ چیز نظر آتے ہی اس نے پلے آپشن پر کلک کیا جسے سنکر پری نے چونک کر دوپٹہ کا گرا ہوا پلو اٹھائے بغیر اسکی جانب دیکھا

تیرے ہتھ وچ ہتھ ہوئے میرا۔

تیرے تے اک وس ہوئے میرا۔

یہ پری کا ہی گایا ہوا گانا تھا اور اسکرین پر پری کی تصویریں ایک کے بعد ایک بدل رہی تھی۔۔

پری اسے بے یقینی کے عالم میں دیکھے جا رہی تھی۔ تو وہ اسکی جانب موبائل اسکرین دکھاتے ہوئے بولا۔

تمھاری یہ حسین تصویریں میرے سسر نے ہی کھینچی کر دی تھی مجھے۔ کتنی خوبصورت لگ رہی ہو پتہ ہے انھیں دیکھ کر سانسیں لے رہا تھا ورنہ پتہ نہیں کب کا مر۔۔۔

اسکے الفاظ اسکے لبو میں ہی رہ گئے تھے کیونکہ پری نے اسکے لبو پر اپنا ہاتھ رکھ لیا تھا۔

!!!آ ھل آپ

!!یہ سچ ہے یا میرا بھرم

پری اب بھی یقین نہیں کر پا رہی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں ہوں پری میں اب اجازت ہے تو تمھیں جی بھر کر دیکھ لو بہت ترسا ہوں میں۔

پری نے اثبات میں سر ہلایا تو آھل نے پلوں ہٹایا اور اب دونوں ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے اور دونوں کی آنکھیں نم تھی

آھل نے پری کی جانب انگھوٹی بڑھائی تو پری نے مسکراتے ہوئے لیکر اسے پہنا دی۔

آھل انگھوٹی کی طرف دیکھتا ہوا اس سے بولا

مہندی والی رات میں تم سے ملنے آیا تھا تمھارے دل کی بات جاننے مگر ملے بغیر ہی سب پتہ چل گیا مجھے۔اتنا چاہتی ہو مجھے تو پہلے کیوں نہیں بتایا کیوں اتنا تڑپا کر رکھا مجھے۔

پری کے آنکھوں سے آنسو بہنے لگے تو آھل نے اسے اپنی بانہوں بھر لیا۔

اب تم کبھی نہیں روؤ گی میں تمھیں رونے نہیں دونگا۔

💝💝💝💝💝💝💝💝💝💝

تین سال بعد۔

زید اور لبنہ اپنی ایک سالہ بیٹی حنا کے ساتھ ہاسپٹل کے باہر ویٹنگ ایریا میں موجود تھے جہاں احد فہد شاہ اور نوفل بھی یمنا اور اپنے دو سالہ بیٹے عادل کے ساتھ موجود تھا

مگر آھل کتنی دیر سے کوریڈور کے چکر لگا رہا تھا اسکے چہرے پر چھائی پریشانی صاف واضح تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Kaali Pari | By Muhammad Shariq (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تبھی لیڈی ڈاکٹر روم سے باہر آئی تو آھل اسکی جانب دوڑا

مبارک ہو ڈاکٹر آھل یو ہیو ٹونس کڈز بابا اینڈ بے بی۔آپ اپنی وائف سے مل سکتے ہے مگر پلیز ایک ایک کر کے جائے۔

اس خبر سے سب کے چہرے کھل اٹھے تھے۔

آھل روم کی جانب گیا اور اندر جاتے ہی اسکی نظر پری پر پڑی جو آنکھیں موندھے لیٹی تھی اور بے بی کارٹ کے پاس جولی کھڑی اسے دیکھ کر مسکرا رہی تھی۔

آھل کے بچوں کے پاس آتے ہی جولی اسے کانگرس کہتی وہاں سے چلی گئ۔

آھل دونوں بچوں کو باری باری دیکھ رہا تھا وہ خوش تھا بہت خوش تبھی پری کی آواز پر اسکی طرف گیا۔

!! آھل

مبارک ہو آپ کو۔

تمھیں بھی پری دیکھو کتنے پیارے ہے بہت کیوٹ

ہمم بالکل سلونی اور زمان

یہ کیا نام بھی رکھ لیے یہ تو غلط ہے ایک کا تو مجھے رکھنے دیتی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آھل نے پری کی طرف منہ بناتے ہوئے کہا تو پری کا چہرہ اتر گیا۔

ارے جان نہیں میں مزاق کر رہا تھا بہت پیارے نام ہے شکریہ میری زندگی خوبصورت بنانے کیلیئے پری !!

آھل نے اسکے ماتھے پر لب رکھ لیے تھے۔

آپکا بھی شکریہ میری زندگی میں آکر مجھے نئی زندگی دینے کیلیئے۔۔۔

اور پھر وہ ہنسی خوشی رہنے لگیں۔۔۔۔

ختم شد

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

https://crazyfansofnovel.com/

fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel